# قرآنی علاج

ملک التحریر علامہ محمد یحییٰ انصاری اشرفی

شیخ الاسلام اکیڈمی حیدرآباد

مکتبہ انوار المصطفیٰ 23-2-75/6 مغلپورہ۔ حیدرآباد

Rs. 8



﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم﴾

اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے

**شیطان سے حفاظت اور غصہ کا علاج :** حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک شخص پر بہت غصّہ وارِد تھا اور مُنہ سے جھاگ نکل رہا تھا حضور ﷺ نے فرمایا اگر یہ شخص ﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم﴾ پڑھ لے تو اس کی حالت دور ہو جائیگی۔ بُستان التفاسیر میں ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص روزانہ (۱۰) مرتبہ ﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم﴾ پڑھ لیا کرے' حق تعالیٰ اُس پر ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے جو کہ اس کو شیطان سے بچاتا ہے۔

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص حضورِ قلب کے ساتھ ﴿اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم﴾ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے اور شیطان کے درمیان تین سو پردے حائل کر دیتا ہے۔

جس شخص کو وسوسوں کی' یا زیادہ اور بے جا غصہ کی بیماری ہو' یا نماز میں دل نہ لگتا ہو......اس کے لئے یہ وظیفہ ان شآء اللہ فائدہ ہوگا مجرب ہے۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

**حفاظتِ اولاد :** جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں تو (۶۱) مرتبہ ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے' اور جب بچہ پیدا ہو تو سات مرتبہ ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دے تو ان شآء اللہ بچے محفوظ رہیں گے اور اس کے جان و مال کی بفضل خداوندی حفاظت ہوگی۔ یہ عمل مجرب ہے۔

**کھیتی کی حفاظت اور برکت کے لئے :** ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ (۱۰۱) مرتبہ کاغذ پر لکھ کر کھیت میں دفن کر دے تو ان شآء اللہ کھیتی تمام آفات سے محفوظ رہے گی اور اس میں برکت ہوگی۔

**بچھو کا علاج :** ترمذی شریف میں ہے کہ سورۂ فاتحہ کو بچھو کے کاٹے ہوئے پر سات مرتبہ پڑھ کر اگر دم کر دیں تو ان شآء اللہ فوراً آرام ملے گا۔

**زہر اور مرگی کا علاج :** حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور ﷺ نے فرمایا: سورۂ فاتحہ ہر زہر کا علاج ہے کسی



صحابی کا ایک مرگی زدہ شخص کے پاس سے گذر ہوا' انہوں نے اس کے کان میں سورۂ فاتحہ پڑھ دی' بس وہ شفاء یاب ہو گیا۔

**شیطان اور جادوگر سے حفاظت :** رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: **لاتجعلوا بیوتکم مقابر وان البیت الذی تقرأفیه البقرة لا یدخله الشیطان** اپنے گھروں کو قبریں مت بناؤ' وہ گھر جس میں سورۃ بقرہ کی تلاوت ہوتی ہو' اُس میں شیطان داخل نہیں ہوسکتا۔ (تفسیر نعیمی)

☆ جس گھر میں آیۃ الکرسی پڑھی جائے اُس گھر سے شیطان ایک ماہ تک اور جادوگر چالیس دن تک دُور رہتے ہیں۔ (کبیر)

**دفع زہر :** اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر دم کرے ان شآء اللہ صحت ہوگی ﴿وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ﴾ (الشعراء/۱۳۰) اور جب تم نے کسی کو پکڑا (گرفت میں لیا)' تو بے دَردوں کی طرح (سخت جابر بن کر) پکڑا۔

**یرقان (پیلیا) کے لئے :** یرقان والے مریض کو تین دن تک (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے پلانا نہایت مفید ہے ﴿یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴾ (الحشر/۲۴) اللہ کے لئے پاکی بیان کرتی ہیں وہ سب چیزیں جو آسمانوں میں اور زمینوں میں ہیں اور وہی ہے نہایت غلبے والا بڑی حکمت والا۔

**بیہوشی کے لئے :** جو شخص بے ہوش ہو گیا ہو اُس کے ہوش میں لانے کے لئے سات مرتبہ مع **بسم اللہ الرحمن الرحیم** ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر آہستہ آہستہ چھینٹا دینا نہایت مفید ہے
﴿فَغَشّٰهَا مَا غَشّٰى ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ۚ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ۚ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ۚ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ۚ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۚ وَتَضْحَكُوْنَ وَ تَبْكُوْنَ ۚ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ﴾
(النجم/۶۲) تو اُن کو ڈھانپ لیا (پتھروں کی اس بارش نے) جس نے ڈھانپ لیا، تو اے (سننے والے) تو اپنے رب کی کونسی نعمتوں میں شک کرتا رہے گا یہ ایک ڈرسنانے والے ہیں، پہلے ڈرسنانے والوں میں سے۔ قریب آنے والی گھڑی قریب آ چکی۔ اللہ کے سوا اسے کوئی ٹالنے والا نہیں۔ تو کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو؟ اور تم ہنستے ہو اور روتے نہیں۔ اور تم کھیل میں پڑے ہوئے ہو۔



**بواسیر کا علاج :** خونی یا بادی بواسیر کے لئے ان مبارک آیتوں کو روزانہ (۱۷) مرتبہ پڑھنا نہایت مفید عمل ہے ﴿اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۚ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۚ يُدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ﴾ (الدہر/۳۰) بیشک یہ (آیتیں) نصیحت ہیں تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راستہ اختیار کرے، اور تم نہیں چاہ سکتے جب تک اللہ نہ چاہے، بیشک اللہ بڑا علم والا بہت حکمت والا ہے اپنی رحمت میں شامل فرماتا ہے جسے چاہے۔

**شوگر کا علاج :** (۷۵) دن تک بلا ناغہ تین مرتبہ شام یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں ان شآء اللہ شوگر کا مرض جاتا رہے گا۔
﴿وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا﴾ (بنی اسرائیل/۸۰) اور عرض کیجئے کہ اے میرے رب تو مجھے (جہاں بھی داخل فرمائے) پسندیدہ طریقے سے داخل فرما اور مجھے (جہاں سے بھی باہر لائے) پسندیدہ طریقے سے باہر لائے۔ اور مجھے اپنی طرف سے وہ غلبہ عطا فرما جو (میرے لئے) مددگار رہو۔



**گمشدہ کی تلاش :** کسی گمشدہ چیز یا آدمی کی تلاش ہو تو ان آیات کو پوری توجہ یکسوئی اور تصور حضوری کے ساتھ پڑھیں ان شآء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔
﴿رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ﴾ (آل عمران/۹) اے ہمارے رب بیشک تو جمع کرنے والا ہے لوگوں کو اس دن میں جس میں کوئی شک نہیں، یقیناً اللہ وعدہ خلافی نہیں فرماتا۔
(البیان ۔ علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمۃ)

☆ ﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ﴾ (البقرۃ/۱۵۶) بیشک ہم اللہ ہی کے لئے ہیں اور بیشک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔
اگر یہ آیت پڑھ کر گم ہوئی چیز تلاش کی جائے تو ان شآء اللہ ضرور مل جائے گی ورنہ غیب سے کوئی چیز اس سے بہتر مل جائے گی۔

**دفع غصّہ حاکم :** جس سے حاکم ناراض وخفا ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے یا لکھ کر بازو پر باندھ لے، ان شآء اللہ حاکم مہربان ہو جائے گا ﴿فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ (البقرہ/۱۳۷) تو (اے حبیب) عنقریب اُن (کے شر) سے (بچانے میں) اللہ آپ کے لئے کافی ہوگا اور وہ بہت سننے والا اور خوب جاننے والا ہے۔



**نافرمان اولاد کی اصلاح :** اس آیت کریمہ کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے ان شآء اللہ اولاد فرمانبردار ہو جائے گی ﴿رَبِّ﴾ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ﴾ (الاحقاف) اے میرے رب ! میرے لئے میری اولاد میں نیکی رکھ دے بیشک میں تیرے طرف رجوع ہوا اور بیشک میں (تیرے) فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ (البیان)

**شوہر، بیوی اور بچے دین پر ہو جائیں گے :** ﴿رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا﴾ (الفرقان/۷۴) اے ہمارے رب ہماری بیویوں اور ہماری اولاد سے ہمیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنادے۔
یہ دُعا ہر مرد و عورت کو زندگی بھر مانگتے ہی رہنا چاہئے۔ اس دُعا میں شوہر، بیوی، بچے، خاندان سب کے لئے دنیا وآخرت دونوں کی دعائیں آ گئیں۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اس آیت کو ایک بار پڑھ لے تو اُس کے بیوی بچے سب ان شآء اللہ دیندار ہو جائیں گے۔

**قوتِ حافظہ اور زبان کی لُکنت کی دُعا :**
﴿رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ۙ وَیَسِّرۡلِیۡۤ اَمۡرِیۡ ۙ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ۙ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ﴾ (طٰهٰ/۲۵) اے میرے رب میرے لئے میرا سینہ کشادہ فرما دے اور میرا کام میرے لئے آسان کردے اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھیں۔

**علم میں اضافہ :** ﴿رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا﴾ (طٰهٰ/۱۱۴) اے میرے رب میرے علم کو زیادہ فرما (پروردگار ! مجھے اور زیادہ علم نصیب کر)

**برائے حل مشکلات :** ﴿وَاُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ﴾ (المؤمن/۴۴) اور میں اپنا (سب) معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں' بیشک اللہ بندوں کو خوب دیکھتا ہے۔ جب لوگوں کی طرف سے تکلیف اور پریشانی ہوئی ہو تو اس کا زیادہ سے زیادہ وِرد ہر تکلیف سے نجات دے گا۔ جس شخص پر مقدمہ چلتا ہو یا اس کو اس کا حق نہ ملے تو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے ان شآء اللہ اُسے کامیابی ملے گی۔



**مشکلات اور بلاؤں سے نجات :** احادیث میں حضرت یونس علیہ السلام کی اس دُعا کی بڑی فضیلت آئی ہے اور یہ مجرب دُعا ہے۔ اس آیت میں اسم اعظم مخفی ہے جس مصیبت و بلا میں پڑھے ان شآء اللہ فائدہ عظیم اُٹھائے گا ﴿لَآ اِلٰـهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ٭ۖ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ﴾ (الانبیاء/۸۷) کوئی معبود نہیں سوا تیرے' پاکی ہے تجھ کو' بے شک مجھ سے بے جا ہوا۔

**ابتلاء و آزمائش سے نجات کی دُعا :** یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے جب آپ سخت جسمانی آزار میں مبتلا تھے ﴿(رَبِّ) اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ﴾ (انبیاء/۸۳) اے میرے رب ! مجھ کو سخت تکلیف پہنچی اور تو سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے (تو میرے حال پر رحم فرما اور مجھ کو شفا دے)۔ جسمانی اذیت دینے والی کوئی بھی بیماری ہو اس دُعا کی مداومت سے وہ جاتی رہتی ہے یہاں تک کہ کینسر جیسی مہلک بیماری بھی اس دعا کی برکت سے ختم ہو جاتی ہے۔



روزانہ (۲۴۹۹) مرتبہ پڑھیں' دواؤں اور پانی پر دم کر دے' بعونہٖ تعالیٰ (۴۰) دنوں میں مریض شفایاب ہو جائے گا۔

**شیطانی وسوسوں سے حفاظت :** ﴿وَحَفِظۡنٰهَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ رَّجِیۡمٍ﴾ (الحجر/۱۷) اور ہم نے اُس کی حفاظت کی ہر شیطان مردود سے۔ سونے سے پہلے گیارہ مرتبہ پڑھکر اپنے سینے پر دم کریں ان شآء اللہ شیطانی چالوں سے محفوظ رہیں گے۔ بچوں کے لئے خاص کر بہت ہی مفید ہے ﴿رَبِّ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ۙ وَاَعُوۡذُبِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ﴾ (المؤمنون ۹۷) اے میرے رب' میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطانوں کی چھیڑ (وسوسوں) سے اور اے میرے' رب تیری پناہ لیتا ہوں کہ وہ (شیاطین) میرے پاس آئیں (اور بھڑکائیں)۔

**شیطان صفت جنّات سے بچنے کی دُعا :** سُورۃ الفلق ﴿قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ﴾ اور سورۃ الناس ﴿قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ دونوں سورتوں میں جنّ و شیطان اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہنے کی بے نظیر تاثیر ہے۔ دونوں سُورتوں کو پڑھ کر دم کرنے



سے ان شآء اللہ جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ قرآن کریم کی یہ دونوں سُورتیں ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں۔ مفہوم معنیٰ اور مقصد کے اعتبار سے بھی انہیں الگ الگ کرنا دُشوار ہے' اس لئے انہیں معوذتین کہتے ہیں۔ جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لئے یہ دونوں سُورتیں نازل ہوئی ہیں۔

**ادائیگی قرض :** ﴿قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ﴾ (ال عمران/۲۶) یوں عرض کرو۔ اے اللہ ملک کے مالک تو جسے چاہے سلطنت عطا کرے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے۔ تو جسے چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلت دے۔ ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے بیشک تو سب کچھ کرسکتا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یہ دُعا تعلیم فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اگر تجھ پر پہاڑ جتنا قرض ہو تو وہ بھی ادا ہو جائے۔ اس دُعا کو روزانہ بعد نمازِ عشاء گیارہ مرتبہ

اول وآخر درود شریف پڑھ لیا کریں ان شآء اللہ اُس کا قرض ادا ہوجائے گا رزق کی تنگی دور ہوجائے گی۔

**جائز مُراد کا مجرب واکسیر عمل:** ﴿اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ﴾ (النمل/۶۲) (بتاؤ) کون قبول کرتا ہے بیقرار کی دُعا (بیکس کی پُکار) جب وہ اُسے پُکارے اور (کون) تکلیف دُور کرتا ہے۔ (۴۰) دن تک روزانہ بعد نماز عشاء (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں ان شآء اللہ ہر جائز مراد بَر آئے گی، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف

**مصیبت وپریشانی، قوی دشمنوں کو مغلوب کرنے کی دُعا :**
﴿رَبِّ) اَنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ﴾ (القمر/۱۰) (اے اللہ) میں مظلوم (مغلوب ولاچار) ہوں میری مدد فرما (تو اُن سے میرا انتقام لے) یہ دُعا حضرت نوح علیہ السلام کی ہے۔ مصیبت وتکلیف کے وقت اور زبردست وقوی دشمن سے مقابلہ کرنے کی طاقت نہ ہو تو اس آیت کو صبح وشام زیادہ سے زیادہ تعداد میں پڑھیں، بہت فائدہ ہوگا، دشمن زیر ہوگا۔



**دشمن کا خوف دُور ہونا :** ﴿وَاللّٰہُ اَعۡلَمُ بِاَعۡدَآئِکُمۡ ؕ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیۡرًا﴾ (النساء/۴۵) اور اللہ خوب جانتا ہے تمہارے دشمنوں کو، اور کافی ہے اللہ تمہارا حامی، اور کافی ہے اللہ تمہارا مددگار۔ (البیان) جب کسی دشمن سے اور نقصان کا خطرہ ہو تو اس آیت کا وِرد زیادہ تعداد میں کرنا چاہئے اس کی برکت سے دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا بلکہ وِرد کرنے والا دشمن پر غالب رہے گا۔

**میاں بیوی میں محبت:** ﴿یُحِبُّوۡنَہُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ﴾ (البقرہ/۱۶۵) محبت کرتے ہیں اُن سے جیسے اللہ سے محبت کرنا چاہئے اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ محبت کرتے ہیں اللہ سے۔
اس آیت کو آیت محبت کہتے ہیں چودہ مرتبہ شبِ جمعہ کو پڑھے اور شیرینی یا میوہ یا جو چیز کہ مطلوب کو پسند ہو اس پر دم کرے اور کھلا دے ان شآء اللہ چند دنوں میں ایسی عجیب محبت پیدا ہوجائے گی کہ جس کا دونوں کو وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔



**وبائی امراض کے لئے :** اگر شہر میں طاعون، ہیضہ یا وبائی بخار یا کسی اور عالمگیر وبا کی شہرت ہو تو اس آیت کا مکان کے دروازے پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے ان شآء اللہ اس مکان میں وبا ہرگز داخل نہ ہوگی
﴿مَنۡ یُّصۡرَفۡ عَنۡہُ یَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ رَحِمَہٗ ؕ وَذٰلِکَ الۡفَوۡزُ الۡمُبِیۡنُ ؕ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ہُوَ ؕ وَاِنۡ یَّمۡسَسۡکَ بِخَیۡرٍ فَہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ﴾ (الانعام/۱۷) (روزِ قیامت) اس دن جس سے عذاب پھیر دیا جائے تو بیشک اللہ نے اس پر بڑا رحم فرمایا، اور یہی روشن کامیابی ہے اور (اے مخاطب) اگر اللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اُسے کوئی دُور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ جو چاہے اس پر قادر ہے۔

**نظرِ بد :** ﴿خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ وَعَلٰی سَمۡعِہِمۡ وَعَلٰۤی اَبۡصَارِہِمۡ غِشَاوَۃٌ وَّلَہُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ﴾ (سورۂ بقرہ) اللہ نے اُن کے دِلوں اور اُن کے کانوں پر مہر ثبت کردی اور اُن کی آنکھوں پر پردہ ہے



اور اُن کے لئے بڑا عذاب ہے۔ اگر بچہ یا اسباب یا مکان وغیرہ پر حاسد کی نظر لگ جانے کا اندیشہ ہو تو سات مرتبہ اس آیت کریمہ کا پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے در حقیقت یہ آیت کریمہ نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کا ایک قلعہ ہے
﴿وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِہِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّہٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ؕ وَمَا ہُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ﴾ (القلم/۵۱) اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ کفار پھسلا دیں گے آپ کو اپنی نظروں سے جب وہ سُنتے ہیں قرآن۔ یہ آیت نظر بد سے بچنے کے لئے اکسیر ہے

**ہر آفت وبلا دُور کرنے اور مشکل کام کی عجیب طرح آسانی :**
﴿حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ﴾ (البقرۃ/۱۷۳)
اللہ ہمارے لئے کافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔
صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ ہر آفت وبلا دُور کرنے اس دُعا کو ہر روز (۴۵۰) مرتبہ پڑھے ان شآء اللہ مشکل کام بھی عجیب طرح سے آسان ہوجائیں گے۔ اس دُعا کو گھبراہٹ، ہر مصیبت، غم اور دکھ کے وقت میں زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہئے۔

**بدہضمی کا علاج :** ﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ﴾ (المرسلٰت/۴۳) جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہوتو اس کو پڑھ کر پیٹ پر ہاتھ پھرانے سے یا کھانے پر دَم کر کے کھانے سے وہ شکایت دُور ہو جاتی ہے۔

**قضائے حاجات کے لئے نفل نماز :** حاجات مشکلہ کے برآنے کے واسطے چار رکعتیں پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْٓ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۝ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ کو سو بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد ﴿رَبِّ اِنِّىْٓ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ﴾ سو بار پڑھے۔ تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد ﴿وَاُفَوِّضُ اَمْرِىْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ﴾ سو بار۔ چوتھی رکعت میں بعد فاتحہ کے ﴿قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾ پھر سلام پھیر کر سو بار یہ کہے رَبِّ اِنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔



یہ چاروں آیتیں اسم اعظم ہیں کہ اُن کے وسیلے سے جو سوال کیا جائے اور جو دُعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔ (تفسیر ضیاء القرآن)
ان دُعاؤں کی برکت سے آئی آفتیں ٹل جاتی ہیں مشکلیں حل ہو جاتی ہیں

**رزق میں اضافہ :** ﴿اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾ (آل عمران/۳۷) بیشک اللہ جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے یہ دُعا اضافہ رزق کے لئے بہت اکسیر ہے۔ نمازِ اشراق کے بعد اس آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں، اول وآخر سات سات مرتبہ دُرود شریف۔

**مجرب وظیفہ برائے شادی :** ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ﴾
بے شک اللہ تعالیٰ لطیف وخبیر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم حاصل کرنے کی یہ خاص دُعا ہے۔ جو شخص ملازمت یا روزگار سے محروم ہو، فقر وفاقہ میں مبتلا ہو اور غربت پریشان کرتی ہو یا بیماری تنگ کرتی ہو یا اولاد کی شادی کا ذریعہ نہ بنتا ہو تو اس صورت میں اس آیت کا ورد بہت مفید ہے جو اس آیت کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے گا ان شآء اللہ ہر کام جلد سیدھا ہو جائے گا۔



**دُنیا وآخرت کے ہر غم کا خاتمہ:** ﴿حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود ہونے کے لائق نہیں۔ اس پر میں نے بھروسہ کر لیا اور وہ عرش اعظم کا مالک ہے۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ جو شخص صبح وشام سات مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دنیا اور آخرت کے ہر غم کے لئے کافی ہو جائے گا۔ (روح المعانی)

☆ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۝ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ﴾ (فاطر/۳۴) سب خوبیاں اللہ کو جس نے ہمارا غم دُور کیا۔ بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے۔ (غم والم میں مبتلا ہو تو (۳۸۶۰) مرتبہ پڑھیں ان شآء اللہ غم دُور ہو جائے گا)

**طلبِ اولاد :** ﴿رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ﴾ (الانبیاء) اے میرے رب مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث ہے۔



اولاد کی خواہش ہو تو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھا کرے ان شآء اللہ صاحبِ اولاد ہوگا۔ یہ دعا زکریا علیہ السلام کی ہے اُن کو جب اولاد کی طرف سے مایوسی ہو گئی تھی تو اس دُعا کی بدولت فرزند عطا ہوا تھا۔

☆ جس کو اولاد سے مایوسی ہو چکی ہو اس آیت کو پڑھا کرے ان شآء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائے گا۔ ﴿رَبِّ هَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ﴾ (آل عمران/ ۳۸) اے میرے رب مجھے اپنی طرف سے عطا فرما پاکیزہ اولاد۔ بیشک تو ہی دُعا سننے والا ہے۔

**ہر بیماری کے لئے آیاتِ شفاء:** ان آیاتِ مبارکہ کو چینی کی طشتری پر لکھ کر یا پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ بہت ہی تاثیر کی چیز ہے۔
﴿وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ﴾ (الشعراء/۸۰) اور جب مجھے بیماری لاحق ہو تو وہی مجھے شفا عطا فرماتا ہے۔
﴿وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ﴾

(بنی اسرائیل/۸۲) اور قرآن میں ہم وہ چیز نازل فرماتے ہیں جو رحمت اور شفا ہے ایمان والوں کے لئے۔

﴿فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ﴾ (النحل/۶۹) جس میں لوگوں کے لئے شفاء ہے

﴿وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ﴾ (یونس/۵۷) اور شفاء ہر اس بیماری کے لئے جو سینوں میں ہے۔

﴿وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ﴾ (التوبہ/۱۴) اور راحت پہنچائے گا مومنوں کے سینوں کو۔

﴿قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ﴾ (حٰم/۴۴) آپ فرما دیجئے وہ ایمان والوں کے لئے ہدایت اور شفا ہے۔

**ہارٹ اٹیک اور دِل کی کمزوری ودھڑکن کا عِلاج :** کسی کو اختلاجِ قلب کا مرض ہو تو یہ آیت اپنے دل کی جگہ پر اُنگلی سے لکھ لے یا لکھوالے ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۚ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ﴾ (الرعد/۲۸) وہ جو ایمان لائے اُن کے دل اللہ کی یاد سے چین پاتے۔ سن لو اللہ کی یاد ہی میں دِلوں کا چین ہے۔



اکثر لوگ اختلاجِ قلب کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں‘ دل کی بیماریوں خصوصاً دھڑکن کے لئے اس آیت کو اپنا وظیفہ بنالیں‘ پانی پر دم کر کے پیئیں۔

**درِ دِقلب کے لئے :** اس آیت کو کثرت سے پڑھتے رہیں اور پانی پر دم کر کے پیئیں‘ ان شآءاللہ دردِ قلب زائل ہو جائے گا ﴿وَنَزَعْنَا مَا فِىْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ﴾ (الاعراف/۴۳) اور نکال لیں گے ہم اُن کے سینوں سے جو کچھ اُن کے دِلوں میں رنجش تھی۔

**ہر قسم کے دَرد کے لئے :** دَرد خواہ کہیں ہو یہ آیت ﴿بسم الله الرحمن الرحيم﴾ کے ساتھ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں‘ کسی تیل وغیرہ پر پڑھ کر مالش کریں یا باوضو لکھ کر باندھیں ﴿وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۗ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا﴾ (نبی اسرائیل) اور حق کے ساتھ ہی ہم نے اُسے اُتارا ہے اور حق کے ساتھ ہی وہ اُترا ہے اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر (رحمتِ الٰہی) کا مژدہ سنانے والا اور (عذاب الٰہی سے) ڈرانے والا۔



**گردے کے دَرد کے لئے :** جو شخص گردے کے درد میں مبتلا ہو‘ اس مبارک آیتوں کو زعفران اور مشک سے مریض کے گردے پر دَرد کی جگہ لکھنا نہایت مجرب اور مفید ہے ﴿وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُاللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا﴾ (الجن/۱۹) اور یہ کہ (سب) مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی عبادت نہ کرو اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کی عبادت کرنے کھڑا ہوا تو (وہ اُن کے پاس اس کثرت سے جمع ہوئے کہ) قریب تھا وہ اُن پر آپڑیں۔

☆ سورہ البلد ﴿لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ...... آخر تک) کا گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا دَردِ گردہ اور مرگی والے کے لئے مفید ہے

**لاعلاج امراض :** یہ آیت مبارکہ اسم اعظم ہے۔ جو مریض لاعلاج ہو اور ڈاکٹرس اس کے علاج سے عاجز آئے ہوں‘ اس آیت مبارکہ کا (۲۱) دن تک برابر پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے ان شآء اللہ بہت جلد مریض



تندرست ہوگا ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ (النمل/۲۶) اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں‘ (وہ) عرشِ عظیم کا مالک ہے۔

**پیٹ کا دَرد :** ﴿لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ﴾ (الصّٰفّٰت/۴۷) نہ اُس میں دورانِ سر ہوگا اور نہ وہ اس سے بہکیں گے۔ (نہ اُس میں نشہ اور نہ اُس سے اُن کا سر پھرے گا) یہ آیت پانی پر تین مرتبہ پڑھ کر پلائیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں‘ ان شآءاللہ پیٹ کا دَرد جاتا رہے گا۔

☆ پیٹ کے دَرد کے لئے کسی شربت یا پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلانا درد کو زائل کرتا ہے ﴿اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ﴾ (ال عمران/۲) اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں‘ (خود) زندہ سب کو قائم رکھنے والا۔

**تِلی بڑھ جانا :** ﴿ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ﴾ (البقرہ/۱۷۸)) یہ تمہارے رب کی طرف سے سہولت اور رحمت ہے یہ آیت مع بسم الله الرحمن الرحيم لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں ان شآءاللہ فائدہ ہوگا۔ ملیریا (باری کا بخار) میں بھی اس آیت کا پڑھنا مفید ہے۔

**ناف ٹل جانا :** ﴿اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا﴾ (فاطر/۴۱) بیشک اللہ آسمانوں اور زمینوں کو روکتا ہے کہ وہ اپنی جگہ سے (نہ) ہٹیں اور اگر وہ ہٹ جائیں تو اللہ کے سوا انہیں کوئی نہ روک سکے۔ بیشک وہ بڑے علم والا بہت بخشنے والا ہے (البیان)

یہ آیت مع ﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾ لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں۔ ان شآءاللہ ناف اپنی جگہ آجائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

☆ جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے ان شآء اللہ صحت ہو جائے گی ﴿ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ﴾ (البقرہ/۱۷۸) یہ تمہارے رب کی طرف سے سہولت اور رحمت ہے۔

**آسیب دُور ہو جائے:** آسیب زدہ مریض پر یہ لوح قرآنی پڑھا جائے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ الٓمّٓ ۚ الٓمّٓصٓ ۚ طٰهٰ ۚ طٰسٓمّٓ ۚ كٓهٰيٰعٓصٓ ۚ يٰسٓ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَكِيۡمِ ۚ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۚ قٓ ۚ نٓ وَالۡقَلَمِ وَمَا يَسۡطُرُوۡنَ ۚ



ان شآءاللہ آسیب نکل جائے گا اور پھر نہ آئے گا۔ پڑھنے والے میں تقویٰ، اعتقادِ کامل اور رُوحانی قوت ہونی چاہیئے اور حضورِ قلب کے ساتھ پڑھے۔

**بدخوابی سے حفاظت :** جس شخص کو بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو، وہ اس آیت کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے ان شآءاللہ خوابِ بد سے محفوظ رہے گا۔ ﴿لَهُمُ الۡبُشۡرٰى فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَفِى الۡاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبۡدِيۡلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ﴾ (یونس/۶۴) اُن کے لئے بشارت ہے دُنیا کی زندگی میں اور آخرت میں۔ اللہ کے کلمات میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

**باؤلے کتّے کا کاٹ لینا :** ﴿اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ۙ وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا ۚ فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا﴾ (الطارق/۱۷) بیشک کافر اپنا داؤ چلاتے ہیں اور میں اپنی پوشیدہ تدبیر فرماتا ہوں۔ تو اے حبیب ! آپ کافروں کو اُن کے حال پر چھوڑ دیں، انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں۔ یہ آیت روٹی پر لکھ کر چالیس روز تک اس شخص کو کھلا دیں ان شآءاللہ شفا ہو گی۔



**آنکھوں کی روشنی :** ﴿فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ﴾ (ق/۲۲) ہم نے تیری آنکھوں سے تیرے پردے کو اُٹھا دیا، تو آج تیری نگاہ بڑی تیز ہے (تمہاری آنکھوں کی روشنی بہت تیز ہے)۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے ہر نماز کے بعد سات یا تین مرتبہ پڑھ کر انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرنے سے ان شآءاللہ آنکھوں کی روشنی قائم رہے گی

**آنکھوں کے دَرد کے لئے :** ﴿تَبٰرَكَ اسۡمُ رَبِّكَ ذِى الۡجَلٰلِ وَالۡاِكۡرَامِ﴾ (الرحمٰن/۷۸) اے محبوب ! بڑی برکت والا نام ہے آپ کے رب کا جو نہایت عظمت اور بزرگی والا ہے۔

اس آیت کو کثرت سے پڑھنا اور پھر زعفران سے اس آیت شریف کو مریض کے ماتھے پر لکھنا آنکھوں کے دَرد کو دُور کرنے کے لئے مفید عمل ہے

**دَردِ سَر کے لئے :** جس کو دَردِ سَر ہو اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے ان شآءاللہ جاتا رہے گا ﴿لَا يُصَدَّعُوۡنَ عَنۡهَا وَلَا يُنۡزِفُوۡنَ﴾ (الواقعہ/۱۹) جس سے نہ انہیں دردِ سر ہو نہ اُن کی عقل میں فتور آئے۔



**سِر اور پیٹ کے دَرد کا علاج :** ﴿لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۚ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِىَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ﴾ (التوبہ/۱۲۸) بے شک تمہارے پاس تم میں سے ایک عظمت والے رسول تشریف لائے، اُن پر سخت گراں ہے تمہارا مشقت میں پڑنا، بہت ہی خواہشمند ہے تمہاری بھلائی کا، مومنوں کے ساتھ بڑی مہربانی فرمانے والا، بہت رحم فرمانے والا ہے۔ پھر اگر وہ روگردانی کریں تو آپ فرما دیجئے میرے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کر لیا اور وہ عرشِ اعظم کا مالک ہے۔

(☆) جس کے سر میں دَرد ہو اُس کا ماتھا پکڑ کر ان آیتوں کا سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنا مفید ہے۔ (☆) پیٹ کے درد کے لئے گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا مفید ہے۔

**بخار دُور کرنے کے لئے :** اگر بخار بغیر جاڑے کے ہو تو یہ آیت

لکھ کر باندھیں اور اسی کو دم کریں ﴿قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ﴾ (الانبیاء/ ٦٩) ہم نے فرمایا: اے آگ تو ابراہیم پر ٹھنڈک اور سلامتی ہو جا۔ (البیان) اور اگر جاڑے سے ہو تو یہ آیت لکھ کر بازو یا گلے میں باندھیں ﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّىْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ (ہود/ ۴۱) اللہ کے نام سے ہے اُس کا چلنا اور اُس کا ٹھہرنا، بیشک میرا رب ضرور بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے۔ (البیان)

**منزل پر امن وامان سے پہنچنے کے لئے** : ﴿وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِىْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ﴾ (المؤمنون/ ۲۹)

**مقدمہ میں کامیابی کے لئے دُعا** : مقدمے کی کامیابی کے لئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ۱۳۳ مرتبہ یہ آیتِ مبارکہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھیں، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے : ﴿وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾ (بنی اسرائیل) اور فرمایئے، حق آ گیا اور باطل جاتا رہا (ختم ہو گیا) بیشک باطل کو مٹنا ہی تھا۔



**دفع ہول دل** : یہ آیت ہولِ دل کے لئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکا دے کہ وہ قلب سے نہ ہٹنے پائے ﴿لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ﴾ (الانفال/ ۳) تمہارے دِلوں کو مضبوط کر دے اور اس کی وجہ سے تمہارے پاؤں جما دے

**حفاظتِ حمل** : اگر حمل گِر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس آیت کو پڑھتے رہیں یا لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے ان شآء اللہ حمل محفوظ رہے گا اور اگر نہ ٹھہرتا ہو تو قرار پائے گا ﴿اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۚ وَكُلُّ شَىْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ﴾ (الرعد/ ۸) اللہ جانتا ہے جو کچھ کسی مادہ کے پیٹ میں ہے اور جو کچھ پیٹ گھٹتے اور بڑھتے ہیں اور اس کے نزدیک ہر چیز ایک اندازے سے ہے۔

☆ حفظِ حمل کے لئے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں بہت مفید ہے ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَىْءٌ عَظِيْمٌ﴾



(الحج/ ۱) اے لوگو اپنے رب سے ڈرو، بیشک قیامت کا زلزلہ بڑی (بھاری) چیز ہے۔

**دودھ کم ہونا** : یہ دونوں آیتیں نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں ﴿وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ﴾ (البقرۃ/ ۲۳۲) اور مائیں دودھ پلائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال، یہ (اس) کے لئے ہے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے۔ ﴿وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ﴾ (النحل/ ٦٦) اور بیشک چوپایوں میں تمہارے لئے مقامِ غور ہے ہم تمہیں پلاتے ہیں اُس چیز میں سے جو اُن کے پیٹ میں ہے گوبر اور خون کے درمیان سے خالص دودھ خوشگوار، پینے والوں کے لئے۔

**بانجھ پن** : اگر بانجھ عورت (۷) دن تک ایام حیض میں طشتری پر اس آیت کو لکھ کر پیتی رہے اور جب پاک ہو کر غسل کرے، شوہر کے



پاس جائے، تین ماہ تک ہر مہینہ ایسا ہی کرے ان شآء اللہ صاحبِ اولاد ہو جائے گی ﴿لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ﴾ (البلد) میں قسم فرماتا ہوں اس شہر کی اس حال میں کہ (اے محبوب) آپ اس شہر میں جلوہ فرما ہیں۔ اور قسم والد کی اور (اس کی) اولاد کی۔

**کتے سے حفاظت** : اگر راستہ میں کوئی کتا حملہ کرے اور شور مچا دے تو فوراً اس آیت کو پڑھ لے، چپ ہو جائے گا ﴿كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ﴾ (الکہف/ ۱۸) اُن کا کتا (غار کے) دہانے پر۔

**دفع چیونٹیاں** : اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو اس آیت کو لکھ کر اُن کے سوراخ کے پاس رکھ دے ان شآء اللہ سب چیونٹیاں اپنے سوراخ میں داخل ہو جائیں گی۔ ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ﴾ (النمل/ ۱۸) اے چیونٹیو تم اپنی رہائش گاہوں میں داخل ہو جاؤ (کہیں) سلیمان اور اُن کے لشکر تمہیں کچل نہ ڈالیں، اس حال میں کہ انہیں خبر نہ ہو۔